ترجمہ قرآن مجید
کنز الایمان
تفسیر
نور العرفان
ترجمہ
امام اہلسنت اعلیٰحضرت احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
تفسیر
حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ
ناشر
پیر بھائی کمپنی
38، اردو بازار لاہور

ترجمہ قرآن مجید

کنزالایمان

تفسیر

نور العرفان

ما ہمنہ

ترجمہ

امام اہلسنت اعلیحضرت احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

تفسیر

حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

پیر بھائی کمپنی

۴۰۔ اردو بازار لاہور

ا۔ معلوم ہوا کہ جنمی کفار دوزخ میں پہنچ کر بزرگوں کے وسیلہ کے قائل ہو جائیں گے اگرچہ دنیا میں اس کے منکر تھے۔ اسی لئے وہ دوزخ کے فرشتوں سے دعا کے لئے عرض کریں گے۔ ۲۔ ہم کافروں کے لئے دعائے مغفرت نہیں کرتے معلوم ہوا کہ کافروں کے لئے دعا مغفرت کرنی منع ہے ۳۔ یعنی آخرت میں کفار کی دعا قبول نہ ہو گی۔ دنیا میں ان کی دعا کی قبولیت میں اختلاف ہے۔ حق یہ ہے کہ ان کی بعض دعائیں قبول ہو جاتی ہیں ۴۔ اس طرح کہ ان کے دلائل قوی کریں گے۔ ان کا دین سب دینوں پر غالب کریں گے ان کے دشمنوں سے بدلہ لیں گے۔ خیال رہے کہ کبھی مسلمانوں کا مغلوب ہو جانا عارضی طور پر امتحان کے لئے ہوتا ہے۔ پھر انجام کار

جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ﴿۴۹﴾

سے بولے اپنے رب سے دعا کرو لہ ہم پر عذاب کا ایک دن ہلکا کر دے

قَالُوْٓا اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ قَالُوْا

انہوں نے کہا کیا تمہارے پاس تمہارے رسول روشن نشانیاں نہ لاتے تھے بولے

بَلٰى ؕ قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ

کیوں نہیں بولے تو تمہیں دعا کرو ۲ اور کافروں کی دعا نہیں مگر بھٹکتے

ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾ ع اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي

پھرنے کو ۳ بے شک ہم ضرور اپنے رسولوں کی مدد کریں گے اور ایمان والوں کی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ﴿۵۱﴾ يَوْمَ لَا

۴ دنیا کی زندگی میں اور جس دن گواہ کھڑے ہوں گے ۵ جس دن

يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ

ظالموں کو انکے بہانے کچھ کام نہ دیں گے ۶ اور انکے لئے لعنت ہے ۷ اور

سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا

ان کے لئے برا گھر اور بے شک ہم نے موسیٰ کو رہنمائی عطا فرمائی ۸ اور

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ﴿۵۳﴾ هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي

بنی اسرائیل کو کتاب کا وارث کیا ۹ عقلمندوں کی ہدایت اور

الْاَلْبَابِ ﴿۵۴﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ

نصیحت کو ۱۰ تو اے محبوب تم صبر کرو بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے ۱۱ اور اپنوں کے

لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿۵۵﴾

گناہوں کی معافی چاہو ۱۲ اور اپنے رب کی تعریف کرتے ہوئے صبح اور شام اسکی پاکی بولو

اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ

۱۳ وہ جو اللہ کی آیتوں میں جھگڑا کرتے ہیں ۱۴ بے کسی سند کے جو انہیں ملی ہو

غلبہ مومنوں ہی کو حاصل ہوتا ہے۔ رب فرماتا ہے۔ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۵۔ قیامت کے دن جبکہ فرشتے اور امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم گزشتہ رسولوں کی تبلیغ اور کفار کی سرکشی کی گواہی دیں گے۔ ایسے ہی اللہ تعالیٰ مومن کی مدد مرتے وقت اور قبر میں بھی فرماتا ہے کہ ایمان پر قائم رکھتا ہے۔ اس ہی کی مدد سے ایمان پر خاتمہ قبر کی کامیابی نصیب ہوتی ہے فرماتا ہے يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ ۶۔ اس سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں کی توبہ و معذرت وہاں بھی قبول ہو گی کافر کا ایمان مرتے وقت کی توبہ قبول نہیں مسلمان کی مرتے وقت کی توبہ قبول ہو گی۔ مومن کے لئے رحمت اور اچھا گھر ہو گا ۷۔ اس طرح کہ کافر دوزخی ایک دوسرے پر لعنت کریں گے اور فرشتوں، جنتی مسلمانوں بلکہ خود رب تعالیٰ کی طرف سے ان پر پھٹکار پڑے گی۔ یہ لعنت بھی صرف کفار کے لئے ہے۔ گنہگار مومن اس سے محفوظ ۸۔ ھدیٰ سے مراد یا توراۃ ہے یا معجزات یا رہنمائی۔ تیسرے معنی نہایت موزوں ہیں۔ یعنی ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو راہنما یا ہادی بنایا۔ اس سے معلوم ہوا کہ تمام لوگوں کو ہدایت نبی سے ملتی ہے۔ اور نبی کو براہ راست حق تعالیٰ سے جیسے تمام جہان کو روشنی سورج سے اور سورج کو روشنی رب تعالیٰ نے بلاواسطہ بخشی۔ پیغمبر ظہور نبوت اور کتاب کے نزول سے پہلے ہی ہدایت پر ہوتے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام فرعون کے گھر پرورش پانے کے زمانہ میں بھی ہدایت پر تھے کہ فرعون کو چپت لگاتے رہتے تھے ۹۔ کتاب سے مراد توراۃ یا تمام وہ کتب و صحیفے ہیں جو بنی اسرائیل کو بواسطہ رسل ملے تھے۔ اس سے معلوم ہوا کہ علماء وارث رسول ہوتے ہیں۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ نبی کی وراثت مالی تقسیم نہیں ہوتی۔ ان کی وراثت مالی نہیں کمالی ہے۔ ان سے کمال لو، یہ میراث ہمیشہ ملتی رہے گی ۱۰۔ معلوم ہوا کہ پیغمبروں کی تعلیم سے عقلمند لوگ ہی فائدہ اٹھاتے ہیں۔ یہاں عقل سے مراد وہی عقل ہے جو دین کی طرف رہنمائی کرے۔ ۱۱۔ وہ تمہارا دین ضرور غالب فرما دے گا رب نے یہ وعدہ پورا فرما دیا۔ ۱۲۔ یہاں گناہ کی نسبت حضور کی طرف کسب کی نہیں بلکہ تصییر کی ہے یعنی جن چیزوں کو آپ نے گناہ بنا دیا جیسے کہا جاتا ہے کہ چوری اسلام کا گناہ ہے یعنی جسے اسلام نے گناہ قرار دیا۔ یا یہ نسبت ذمہ داری کی ہے۔ جیسے وکیل کہتا ہے میرا مقدمہ ۱۳۔ صبح شام سے مراد ہمیشہ ہے، رب فرماتا ہے۔ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا جنتیوں کو صبح و شام رزق ملے گا، یعنی ہمیشہ یا اس سے مراد پانچوں نمازیں ہیں یا صبح و شام کے ذکر کیونکہ اس وقت دن رات کے فرشتے جمع ہوتے ہیں ۱۴۔ یعنی کفار قریش جو قرآنی آیات جھٹلانے کی کوشش کرتے ہیں۔ لہٰذا اس سے علماء کرام کی قرآنی صحیح تاویلیں اور علمی خدمات خارج ہیں۔ کہ وہ جھگڑا نہیں بلکہ جھگڑا مٹاتا ہے۔